CAREERINDIA

**SET-2**

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 255/2**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **8** ہے۔اورنقشوں کے صفحات کی تعداد **2** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **22** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔سوال کے پرچہ کو صبح۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages and **2** pages of maps..
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **22** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

www.careerindia.com

# جغرافیہ (علم الارض)

# GEOGRAPHY (Theory)

## (Urdu Version)

مقررہ وقت :۳ گھنٹے — کل نمبر:۷۰

*Time allowed : 3 hours* — *Maximum Marks : 70*

CAREERINDIA

## عام ہدایات:

(i) اس پرچہ میں کُل 22 سوال ہیں۔

(ii) سبھی سوال لازمی ہیں۔

(iii) سوال نمبر 1 سے 7 تک کے سوال بہت چھوٹے جواب والے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک سوال 1 نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال 40 الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

(iv) سوال نمبر 8 تا 13 تک کے سوال چھوٹے جواب والے ہیں۔ ان میں سے ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال 80 سے 100 الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(v) سوال نمبر 14 سے 20 تک کے سوال لمبے جواب والے ہیں۔ ان میں سے ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال 150 الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

(vi) سوال نمبر 21 اور 22 جغرافیائی خصوصیات کو پہچاننے محل وقوع دکھانے اور ان کے نام لکھنے سے متعلق ہیں۔ ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔

(vii) دنیا اور ہندوستان کے خاکے جو آپ کو پرچہ کے ساتھ دیئے گئے ہیں، انہیں اپنی جوابی کاپی کے ساتھ جوڑ کر واپس لوٹانا ضروری ہے۔

(viii) نقشوں کے خاکے بنانے کے لیے اسٹینسل یا ٹیمپلیٹس کے استعمال کی اجازت ہے۔

www.careerindia.com

1۔ بین الاقوامی تجارت میں ہوائی نقل وحمل (ٹرانسپورٹ) کے کوئی دو فائدے بیان کیجیے۔ $\frac{1}{2} + \frac{1}{2} = 1$

2۔ کولکاتا (کلکتہ) کی بحری بندرگاہ کے سامنے آئی اہم دشواریاں بیان کیجیے۔ 1

CAREERINDIA

3۔ ممبئی میں سوتی کپڑے کی ملوں کے واقع ہونے کے ذمہ دار کوئی دو عوامل لکھیے۔ $\frac{1}{2} + \frac{1}{2} = 1$

4۔ 'رابعی سرگرمیوں' کی اہمیت کا جائزہ لیجیے۔ 1

5۔ 'علاقائی پلاننگ' کے تصور کا تجزیہ کیجیے۔ 1

6۔ ہندوستان دنیا میں سیاحوں کا پسندیدہ سیاحتی مقام کیوں ہے ؟ 1

7۔ نمو اور ترقی میں فرق واضح کیجیے۔ 1

8۔ ''بڑھتی ہوئی آبادی اور صنعت کاری کی وسعت کی وجہ سے پانی کے لاشعوری استعمال میں اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ سے پانی کی ماہیت میں پست کاری واقع ہوئی ہے''۔ اس قول کا جائزہ لیجیے۔ 3

9۔ دنیا میں سڑک ٹرانسپورٹ کے کوئی تین اہم مسئلوں کو بیان کیجیے۔ 3×1=3

10۔ ''ہر جنوری میں فصل کٹائی کے موسم کے بعد گوہاٹی سے 35 کلومیٹر دور جاگی روڈ (Jagiroad) میں Jonbeel Mela (جان بیل) میلہ لگتا ہے۔ اور ممکن ہے کہ ہندوستان کا یہ ایک ہی میلہ ہے جہاں Barter System آج بھی زندہ ہے۔ اس میلے کے دوران ایک بڑے بازار کا انتظام کیا جاتا ہے۔ اور مختلف قبیلوں (Tribes) اور فرقوں (Communities) کے لوگ یہاں اپنی اشیاء (چیزوں) کا تبادلہ کرتے ہیں۔''


اوپر دیے گئے پیراگراف کی روشنی میں قبائلی لوگوں کی زندگی میں Barter System کی قدروں کو ثابت کیجیے۔ 3

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**11۔** نیچے دیے گئے ڈائیگرام کا غور سے مطالعہ کیجیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے:

*1+2=3*




(11.1) قصبوں اور شہروں کے کس درجے میں سب سے زیادہ آبادی دکھائی گئی ہے۔

(11.2) اس درجے کے قصبوں اور شہروں میں آبادی کی ہائی کونسٹریشن (High concentration) ہونے کے دو اسباب لکھیے۔

***نوٹ : درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 11 کے بدلے :***

ہندوستان میں شہری بستیوں کی کوئی تین خصوصیات بیان کیجیے۔ *3X1=3*

**12۔** چھوٹے پیمانے کی صنعت اور بڑے پیمانے کی صنعت میں فرق واضح کیجیے۔ *3*

**13۔** "ابتدائی سماج کے لوگ اپنے قدرتی ماحول کے ساتھ مکمل ہم آہنگی میں رہتے ہیں، اور اسی طرح انسان کو فطری بنایا گیا"۔ قول کی تائید کیجیے۔ *3*


**14۔** "خوراک جمع کرنا اور شکار کرنا ابتدائی سماج کی زندگی بسر کرنے کی سب سے قدیم معاشی سرگرمیاں ہیں۔ لیکن جدید دور میں کچھ جمع کرنے کے کام نے بازاری رخ اختیار کرلیا ہے۔ اور تجارتی بن گیا ہے۔" اس قول کا جائزہ لیجیے۔ *5*

**15۔** "آبادی کی کثافت" اصطلاح کا مطلب بیان کیجیے۔ دنیا میں آبادی کی تقسیم کو متأثر کرنے والے کوئی چار جغرافیائی عوامل مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔ *1+4=5*

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**16۔** دیے گئے سوئز نہر کے نقشے کا غور سے مطالعہ کیجیے، اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ *1+1+3=5*




www.

(16.1) اس ملک کا نام لکھیے جس کے بیچ سے یہ نہر گذرتی ہے۔

(16.2) اس نہر سے جڑے ہوئے سمندروں کے نام لکھیے۔

(16.3) اس نہر کو بحرِ ہند کے لیے یورپ کا داخلی دروازہ کیوں کہا جاتا ہے ؟

CAREERINDIA

نوٹ : درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر **16** کے بدلے :

(16.1) سوئز نہر کس ملک میں بنائی گئی ہے ؟۔

(16.2) اس نہر کے دونوں سروں کی بندرگاہوں کے نام لکھیے۔

(16.3) اس نہر کی یورپ اور ایشیاء کے لیے معاشی اہمیت بیان کیجیے۔ *1+1+3=5*

**17**۔ ہندوستان میں پن دھارا (Watershed) کے انتظام اور بارش کا پانی جمع کرنا سطحی آبی وسائل کے اثر آفریں انتظام کس طرح ہیں۔؟ وضاحت کیجیے *5*

**18**۔ ہندوستان کی قومی شاہراہوں کی کوئی پانچ خصوصیات بیان کیجیے۔ *5×1=5*

**19**۔ ''ہندوستان میں آبادی کی نمو (افزائش آبادی) کی دس سالہ اور سالانہ دونوں شرحیں بہت زیادہ ہیں، اور جو وقت کے ساتھ ساتھ لگاتار بڑھتی جا رہی ہیں۔'' اس قول کی دلیلوں کے ساتھ تائید کیجیے۔ *5*

**20**۔ ''توانائی کے غیر روایتی مسائل اگرچہ شروعات میں مہنگے پڑتے تھے لیکن بعد میں ان کی لاگت کافی کم ہو جاتی ہے۔'' اس قول کا تجزیہ کیجیے۔ *5*

www.careerindia.com

**21۔** دنیا کے دیے گئے سیاسی نقشے کے خاکے (صفحہ نمبر 9 پر) میں دکھائی گئی پانچ جغرافیائی خصوصیات A, B, C, D اور E کو پہچانیے اور ان کے صحیح نام نیچے دی گئی معلومات کی مدد سے ان کے نزدیک کھینچی گئی لائینوں پر لکھیے۔ 5X1=5

A. ایک بڑی بحری بندرگاہ

B. ایک بین الاقوامی ہوائی اڈا

C. ایک بڑا صنعتی خطّہ

D. ایک خانہ بدوش چراگاہی کا اہم علاقہ

E. ایک میگا شہر

*نوٹ : درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 21 کے بدلے :*

(21.1) ناروے کی کسی ایک بڑی بحری بندرگاہ کا نام لکھیے۔

(21.2) یمن کے کسی ایک بین الاقوامی ہوائی اڈے کا نام لکھیے۔

(21.3) مشرقی اقوامِ متحدہ امریکہ کے ایک اہم صنعتی ملک کا نام لکھیے۔

(21.4) مشرقی افریقہ میں خانہ بدوشی چراگاہی کے ایک اہم علاقے کا نام لکھیے۔

(21.5) برازیل کے کسی ایک 'میگا شہر' کا نام لکھیے۔ 5X1=5

CAREERINDIA

22۔ ہندوستان کے دیے گئے سیاسی نقشے کے خاکے (صفحہ نمبر 11 پر) میں درج ذیل کو مناسب علامتوں سے دکھائیے اوران کے نام لکھیے : 5X1=5

(22.1) چائے کی پیداوار کی ایک بڑی ریاست

(22.2) میُور بھنج ۔ خام لوہا پیدا کرنے والا کھان کا علاقہ

(22.3) کرناٹک میں اہم اسٹیل پلانٹ

(22.4) کیرالہ میں انتہائی جنوبی انٹرنیشنل (بین الاقوامی) ہوائی اڈا

(22.5) شمالی ہندوستان میں دس ملین سے زیادہ آبادی والا شہر

*نوٹ : درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 22 کے بدلے :*

(22.1) ہندوستان میں کون سی چائے پیدا کرنے والی اہم ریاست ہے۔

(22.2) اوڈیشہ میں کسی ایک خام لوہا (Iron ore) کی کھان کے علاقے کو بتائیے۔

(22.3) کرناٹک میں واقع ایک اہم اسٹیل پلانٹ کا نام لکھیے۔

(22.4) کیرالہ میں واقع ایک بین الاقوامی ہوائی اڈے کا نام لکھیے۔

(22.5) ہندوستان کی کس ریاست میں شہرکاری کی سب سے کم سطح ہے۔ 5X1=5


www.careerindia.com

CAREERINDIA

سوال نمبر 21 کے لیے

**Political outline map of the World**

دُنیا کا سیاسی خاکہ



CAREERINDIA

www.careerindia.com

سوال نمبر 22 کے لیے

# ہندوستان کا سیاسی خاکہ

